# Tata Textile Mills Limited

TATA PAKISTAN

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ **ٹاٹا ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ** کے حصص یافتگان کا **35 واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل مورخہ 105 کتوبر 2021ء کو صبح 11:30 بجے چھٹی منزل ٹیکسٹائل پلازہ ایم اے جناح روڈ کراچی** میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

### عمومی امور

1- 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے گزشتہ سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

2- 30 جون 2022ء کو مکمل ہونے والے آئندہ سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کے مشاہرے کا تعین سبکدوش ہونے والے موجودہ آڈیٹرز میسرز ڈیلوئٹ یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تعیناتی کی پیشکش کی ہے۔

### خصوصی امور

*** عمومی قرارداد:**

3- مندرجہ ذیل عمومی قراردادوں پر غور وخوض اور منظوری:

الف) "قرار پایا کہ 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 37 میں منکشف ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ معمول کے مطابق کاروباری لین دین کی توثیق اور منظوری"

ب) "قرار پایا کہ 30 جون 2022ء کو مکمل ہونے والے سال کے دوران معمول کے مطابق ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ کاروبار میں انجام دی جانے والی تمام لین دین اور متوقع لین دین کی منظوری کا اختیار کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو دیا جاتا ہے اور اس ضمن میں تمام ضروری اقدامات/دستخط/تمام دستاویزات کی تیاری اور کمپنی کی جانب سے تمام لازمی انڈینجرز کا اختیار کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو دیا جاتا ہے۔

4- چیئرمین کی منظوری سے امور یا کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ (3)134 کے تحت خصوصی امور پر مبنی گوشوارہ نوٹس ہذا کے ہمراہ ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے۔

**بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز**

کراچی: 14 ستمبر 2021ء

**محمد حسین**

**کمپنی سیکریٹری**

**نوٹس:**

1- **COVID-19 کے تحت سالانہ اجلاس عام (AGM) میں شرکت کی منصوبہ بندی:**

موجودہ کورونا وائرس (COVID-19) کی صورت حال سے لاحق خطرات کے پیش نظر سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP)، نے سرکلر نمبر 6 مجریہ 2021 بتاریخ 03 مارچ 2021ء کے تحت کمپنیوں کو اپنے سالانہ اجلاس عام بذریعہ ویڈیو لنک منعقد کرنے کی اجازت دی ہے۔

ویڈیو لنک کے ذریعے اے جی ایم میں شرکت کے خواہشمند ممبران اور ان کی پراکسیوں سے استدعا ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات بمع اپنا نام، فولیو نمبر، سیل نمبر، اور ان کے نام پر موجود حصص کی تعداد، سی این آئی سی کی ایک درست کاپی (دونوں اطراف) / پاسپورٹ، بورڈ کی قرارداد کی تصدیق شدہ کاپی / پاور آف اٹارنی (بصورت کارپوریٹ شیئر ہولڈرز) مورخہ 02 اکتوبر 2021ء تک بذریعہ ای میل ttm.corporate@tatapakistan.com پر بعنوان پر "رجسٹریشن برائے ٹاٹا اے جی ایم" فراہم کرکے خود کو رجسٹر کرائیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | CNIC نمبر | فولیو/شرکاء آئی ڈی/اکاؤنٹ نمبر | سیل/ واٹس ایپ نمبر | ای میل آئی ڈی |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کی ضروری تصدیق کے بعد انہیں کمپنی کی جانب سے مذکورہ ای میل پتے پر ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی ختم ہونے تک کھلی رہے گی۔ شیئر ہولڈرز اے جی ایم کے ایجنڈے کے آئٹمز کے لیے اپنے تبصرے اور سوالات ای میل ایڈریس ttm.corporate@tatapakistan.com یا واٹس ایپ نمبر 0333-2313361 پر بھی فراہم کر سکتے ہیں، لہٰذا ممبران کو ویڈیو لنک کے ذریعے اے جی ایم میں شرکت کرنے اور پراکسی کے ذریعے حاضری کو مستحکم کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

2- **حصص منتقلی کتب کی بندش**

ممبر کا رجسٹر اور کمپنی کی حصص منتقلی کتب 27 ستمبر 2021ء تا 105 کتوبر 2021ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر 24 ستمبر 2021ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

3- **سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور پراکسیوں کی تقرری**

AGM میں شرکت اور رائے دہی کا/کی تمام اہل شیئر ہولڈرز اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کے لئے دوسرے فرد کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتے ہیں۔ کارپوریٹ ادارہ بطور شیئر ہولڈر، کسی بھی شخص کو پراکسی کے طور پر مقرر کر سکتا ہے، چاہے وہ شیئر ہولڈر ہو یا نہیں۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز/پاور آف اٹارنی کی قرارداد جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے نمائندگی اور ووٹ کے لیے نامزد کردہ شخص کے نمونے کے دستخط کے ساتھ کمپنی کے ساتھ مکمل پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرائی جائے گی۔

پراکسی اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی کا تقرر کرنے والا دستاویز جس کے تحت اس پر دستخط کیے جاتے ہیں یا پاور آف اٹارنی کی نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرانا ضروری ہے۔ پراکسی فارم، انگریزی اور اردو زبانوں میں ممبران کو AGM کے نوٹس کے ساتھ ارسال کیا جاچکا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کے لیے ایس ای سی پی کے جاری کردہ 26 جنوری 2000 کے سرکلر نمبر 1 میں درج ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

4- **پتہ میں تبدیلی (اگر ہو تو)**

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ کو فوری مطلع کریں۔

5- **سی این آئی سی/این ٹی این**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے مندرجات کے مطابق زکوۃ اور ٹیکس سرٹیفکیٹ میں درج کردہ سی این آئی سی/این ٹی این لازمی درکار ہے۔ لہٰذا ممبران سے درخواست کی جاتی ہے وہ اپنی فعال سی این آئی سی کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ کو (اگر پہلے فراہم نہ کی ہو) جمع کرادیں۔

6- **نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانکلی ادائیگی (لازمی)**

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے سیکشن 242 کی دوسری شرط کے تحت، لسٹڈ کمپنیوں کو اپنے حصص یافتگان کو نقد منافع صرف الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے اہل حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کرنا ہوگا۔ اس کے مطابق ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی ایک کاپی کے ساتھ ہمارے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کریں۔ جمع نہ کرانے کی صورت میں مستقبل کی تمام منافع منقسمہ ادائیگیاں روک لی جائیں گی۔

7- **غیر دعویٰ شدہ ڈویڈنڈز اور بونس شیئرز**

حصص یافتگان جنہوں نے کسی بھی وجہ سے اپنا ڈویڈنڈ یا بونس شیئرز کلیم نہیں کرسکے یا اپنا فزیکل شیئر وصول نہیں کیا ہے کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنا غیر دعویٰ شدہ ڈویڈنڈ یا پینڈنگ شیئرز اگر کوئی ہو، کی وصولی/معلومات کے لئے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ سے رجوع کریں۔ براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 244 کی تعمیل میں مقررہ کارروائی کی تکمیل کے بعد ادائیگی کی تاریخ سے تین (3) سال کی مدت کے لئے تمام غیر دعویٰ شدہ ڈویڈنڈز وفاقی حکومت کو جمع کرادئے جائیں گے اور حصص کی صورت میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو ارسال کردئے جائینگے۔

8- **ای ووٹنگ:**

ممبران کمپنی ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز مجریہ 2018ء کی قابل اطلاق شقوں کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے اپنی رائے دہی کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔

9- **سالانہ رپورٹ کی ترسیل:**

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او 2019/(I)1196 بتاریخ 103 کتوبر 2019 کے مطابق کمپنی کے مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.tatapakistan.com پر آویزاں کردئے گئے ہیں۔

ایس ای سی پی نے اپنے ایس آر او 2016(1)470 بتاریخ 31 مئی 2016ء کے ذریعے کمپنیز کو اپنے ممبران کو سالانہ رپورٹس اپنے رجسٹرڈ پتوں پر سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی کے ذریعے بھیجنے کی اجازت دی ہے۔ لہٰذا کمپنی کی سالانہ رپورٹ 2021 ڈی وی ڈی کی صورت میں تمام ممبران کو ارسال کی جاچکی ہے۔ سالانہ رپورٹ 2021 کی طباعت شدہ کاپی کا مطالبہ کرنے والا کوئی بھی فرد درخواست بھیج سکتا ہے۔

10 **فزیکل حصص کی سی ڈی سی اکاؤنٹ میں جمع آوری۔**

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر موجودہ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے مخصوص انداز میں اور ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کی تاریخ سے اس مدت سے شروع ہونے سے چار سال سے زائد مدت میں کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے تحت اس کا آغاز 31 مئی 2017ء سے ہوگا۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈر کسی بھی بروکے یا سرمایہ کار کا اکاؤنٹ براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں تاکہ ان کے فزیکل حصص کو اسکرپ لیس شکل میں رکھا جاسکے۔ اس سے انہیں کئی طریقوں سے سہولت ملے گی بشمول محفوظ حراست اور جب چاہیں حصص کی فروخت، کیونکہ اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد کے مطابق فزیکل حصص کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔